حکومتِ پاکستان
وزارتِ انسانی حقوق

زینب الرٹ

گمشدہ/مغوی/زیادتی کا شکار بچوں کے لئے فوری اقدام اور بازیابی کی موبائل ایپلیکیشن

وزارت انسانی حقوق نے گمشدہ/مغوی بچوں کا سراغ لگانے اور اس حوالے سے ہونے والے اقدامات کو مربوط اور مستحکم کرنے کے لیے "زینب الرٹ" کا پاکستان سٹیزنز پورٹل پر اجرا کردیا ہے۔ آگاہ کرنے کا یہ طریقہ کار سٹیزن پورٹل کے 30 لاکھ صارفین کو فوری طور پر میسر ہے۔ اس موبائل ایپ کا اجرا حال ہی میں نافذ شدہ زینب الرٹ، رسپانس اینڈ ریکوری ایکٹ 2020 کے تحت کیا گیا ہے۔

ایپ کو ابھی ڈاؤن لوڈ کریں۔

Available on the App Store | ANDROID APP ON Google Play

www.web.citizenportal.gov.pk

زینب الرٹ موبائل ایپ کی اہم ترین خصوصیات:

زینب الرٹ میں جدید تکنیک کا استعمال کیا گیا ہے ۔ یہ کاروائی اور بازیابی الرٹس کو اہمیت دینے اور مضبوط بنانے کے لیے متعدد اہم خصوصیات جیسا کہ اے ون فیس ریگگنیشن، جیو ٹیگنگ اینڈ میپنگ اور ریئل ٹائم ٹریکنگ اور الرٹس کی حامل ہے ۔ یہ قومی رپورٹنگ ڈیش بورڈ اور ایک عوامی ویب پورٹل بھی قائم کرے گی تاکہ حکام اور شہری دونوں مقدمات کی پیشرفت کو جاننے کے ساتھ ساتھ اس طرح کے سانحات کی نشاندہی اور پاکستان کے مختلف علاقوں/اضلاع میں انکی رپورٹنگ بھی کر سکیں۔

- AI - پر بنائی گئی تصویری شناخت
- جیو ٹیگنگ اور میپنگ
- گمشدہ / ملنے والے بچوں کی تلاش اور رپورٹنگ
- عوامی ویب پورٹل
- زینب الرٹ کی ڈائریکٹری
- وسیع پیمانے پر تشہیر کیلئے اسے فیس بک پر شیئر کریں
- پرفارمنس (کارکردگی کا) ڈیش بورڈ
- ایس ایم ایس الرٹس
- ریل ٹایم میں پیشرفت کی ٹریکنگ

زینب الرٹ موبائل ایپ آپکی مدد کیسے کرتا ہے؟

زینب الرٹ مقامی عہدیداران کو واقعے کے بارے میں مطلع کرتا ہے ، اور متعلقہ ریجنل اور ضلعی سطح پر ریاستی مشینری کو فوری مؤثر کاروائی اور لا پتہ بچے کی بازیابی کے لیے سرگرم کرتا ہے ۔

یہ سسٹم ایک زبردست طریقہ کار ہے جو درکار فوری ضروری کارروائی کیلئے ضلعی پولیس افسران (ڈی پی اوز) اور ریجنل پولیس افسران (آر پی اوز)کو ان کے متعلقہ ڈیش بورڈز کے ساتھ ساتھ ایس ایم ایس نوٹیفیکیشن کے ذریعے آگاہ کرتا ہے ۔ پولیس عہدیداران ابتدائی الرٹس کے بعد فوری کاروائی شروع کر دیتے ہیں ۔ انسپکٹر جنرلز (آئی جیز) اپنی صوبائی حدود اور اس کے ساتھ ساتھ وزراء اعلیٰ اور صوبائی ہوم سیکرٹریز کو اس پر پیشرفت سے آگاہ کرنے کے ذمہ دار ہیں ۔

یہ سسٹم وزارت انسانی حقوق کی طرف سے مانیٹر کیا جاتا ہے ۔ حالیہ تشکیل شدہ زینب الرٹ، رسپانس اینڈ ریکوری ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل وزارت انسانی حقوق میں ڈیش بورڈ اور طریقہ کار کی نگرانی کرتے ہیں ۔

زینب الرٹ ایپ کیسے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

مقامی حکام کو گمشدہ/مغوی بچوں اور بچوں سے بدسلوکی کے واقعات کے بارے میں باآسانی آگاہ کرنے کے 3 طریقے ہیں۔

طریقہ 1

پاکستان سٹیزنز پورٹل موبائل ایپلیکیشن

- گوگل پلے اسٹور / ایپ اسٹور سے ایپ ڈاؤن لوڈ کریں
- نام، نمبر اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ رجسٹر کریں
- زینب الرٹ کا بٹن دبائیں
- فارم میں گمشدہ/مغوی بچے کی تمام متعلقہ تفصیلات پُر کریں
- متعلقہ دستاویزات / تصاویر / ویڈیو / آڈیو اپ لوڈ کریں
- آپ اپنے الرٹ کی صورتحال اپنے اکاؤنٹ پر مانیٹر کرسکتے ہیں



طریقہ 2

پاکستان سیٹیزنز ویب پورٹل

- https://web.citizenportal.gov.pk پرپاکستان سیٹیزنز پورٹل کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں
- رجسٹر یا لاگ ان کریں
- زینب الرٹ کا بٹن دبائیں
- زینب الرٹ جاری کرنے کے لیے پچھلے مراحل کی پیروی کریں

اگر آپ کا پاکستان سٹیزن پورٹل پر اکاؤنٹ نہیں ہے، تو اندراج کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کریں :

(i) ضروری تفصیلات جیسا کہ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر، ای-میل فراہم کریں

(ii) آپ کو اپنے اندراج کردہ ای-میل پر ایک میل بھیجی جائے گی تو ای-میل کے ذریعے اکاؤنٹ کی تصدیق کریں

(iii) موصول شدہ ای میل میں دستیاب تصدیقی کوڈ کو پورٹل پر درج کریں

(iv) آپ کا اکاؤنٹ کامیابی سے بن گیا ہے اور اب آپ شکایت درج کر سکتے ہیں ۔

طریقہ 3

کسی بھی نزدیکی سرکاری ادارے یا دفتر سے مدد حاصل کریں

- کسی بھی قریبی سرکاری دفتر/ ادارے (نادرا، ڈاکخانہ، پولیس اسٹیشن، ضلعی دفتروغیرہ) میں جائیں اور اہلکار کو آپ کی طرف سے شکایت درج کرنے کا کہیں
- اہلکار کو اہم تفصیلات بشمول اپنا قومی شناختی کارڈ، موبائل نمبر، گھر کا پتہ وغیرہ فراہم کریں
- لاپتہ/گمشدہ/مغوی/زیادتی کا شکار بچے کی تفصیلات فراہم کریں
- آپکی شکایت درج ہوتے ہی وہ اہلکار آپکو ریفرنس نمبر دے گا تاکہ آپ اپنی شکایت کی ٹریکنگ (پیشرفت) کر سکیں